2023 اجتمائی اور شہرپیما تعلیمی کونسل

انتخابات کی رہنمائی

انتخاب لڑیں

5 اہم وجوہات کہ آپکو ان اثر انگیز رضاکارانہ عہدوں کے لیے انتخابات لڑنے چاہییں:

1. محکمئہ تعلیم کے آغازکاروں، اسکولوں اور پروگراموں کے بارے میں جانیں
2. بطور والدین کے آپکے لیے جو اہم ہے اسکی حمایت کریں
3. اسکول کی دوبارہ زوننگ، اسکول بند ہونے، اور مشترکہ جائے وقوع کے بارے میں ووٹ دیں
4. دیگر والدین کے ساتھ تعلقات بنائیں
5. مقامی قیادت، ضلعی قیادت، اور محکمئہ تعلیم قیادت کے ساتھ بطور الحاق شراکت دارین اپنے اسکول کی برادریوں کا مستقبل تشکیل دینے کے لیے براہِ راست کام کریں۔

NYC Department of Education | NYC EDUCATION COUNCILS

schools.nyc.gov/Elections2023

36

تعلیمی کونسلوں کے لیے
انتخاب لڑیں

=

4

شہر پیما کونسلیں جو
ہائی اسکولوں، انگریزی
زبان متعلمین اور
معذوری کے حامل طلبا
کی نمائندگی کرتی ہیں

+

32

اجتمائی تعلیمی
کونسلیں (CECs)
32 کمیونٹی اسکول
اضلاع کی پانچوں بروز
میں نمائندگی کرتی ہیں۔

تعلیمی کونسلیں کیا ہیں؟

تعلیمی کونسلیں نیو یارک شہر کے اسکولوں کے لیے پالیسیوں اور ترجیحات کو تیار کرنے میں مدد کرتی ہیں۔ کونسل کے اختیارات اور فرائض میں چانسلر کو متعدد معاملات پر مشورے دینا، ضلع کے مہتممین کے ساتھ براہ راست کام کرنا، ضلعی تعلیمی پروگراموں کا جائزہ لینا، اسکول کی زون کی حدود کی منظوری دینا، ٹاؤن ہال کا انعقاد کرنا اور اسکولوں میں اہم بہتری کے لیے تجاویز دینا شامل ہے۔ 32 اجتمائی تعلیمی کونسلیں (CECs) اور 4 شہر پیما کونسلیں ہیں۔

32 اجتمائی تعلیمی کونسلیں

اجتمائی تعلیمی کونسل (CEC)

- **10 منتخب کردہ والدین بشمول:**
  - انگریزی زبان کے متعلم کے ایک (1) والدین
  - خاص تعلیم طالب علم کے ایک (1) والدین
  - ضلع 75 میں ایک اسکول میں شرکت کرنے والے طالب علم کے ایک (1) والدین (اگر آپکا بچہ ایک ضلع 75 پروگرام میں مندرج ہے، آپ اس ضلع سے CEC پر ایک نشست کے لیے انتخاب لڑ سکتے ہیں جہاں آپکے بچے کا پروگرام واقع ہے)
- **2 تقرر کردہ**

32 CECs والدین کو ان کے بچے کے اسکولی ضلع میں سرگرم ہونے کا موقع فراہم کرتی ہیں اگر آپ کا بچہ ایک پبلک، غیر چارٹر اسکول کے پری کنڈرگارٹن سے 8 تک کسی گریڈ میں ہے تو آپ اس ضلع کی CEC کے انتخابات میں کھڑے ہو سکتے ہیں۔ والدین ممبران کو اس ضلع کے تمام والدین منتخب کرتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے ذیل پر جائیں:
schools.nyc.gov/Elections2023

4 شہرپیما تعلیمی کونسلیں

چار شہر پیما تعلیمی کونسلیں مخصوص آبادیاتی گروہوں کی حمایت کرتی ہیں: ہائی اسکول کے طلباء، انگریزی زبان کے متعلمین اور معذوری کے حامل طلبا۔

شہرپیما تعلیمی کونسل برائے ہائی اسکولز (CCHS)

- **10 منتخب کردہ والدین**
- **3 تقرر کردہ**

اگر آپ کا بچہ پبلک، غیر چارٹر ہائی اسکول میں ہے تو آپ اس برو کی نمائندگی کرنے والی CCHS کے انتخابات میں کھڑے ہو سکتے ہیں جس میں آپ کے بچے کا ہائی اسکول واقع ہے۔ والدین ممبران اس برو کے ہائی اسکول طلبا کے تمام والدین کے ذریعے منتخب کیے جاتے ہیں۔

شہرپیما کونسل برائے انگریزی زبان متعلمین (CCELL)

- **9 منتخب کردہ والدین**
- **2 تقرر کردہ**

اگر آپ کا بچہ فی الوقت یا پچھلے دو سالوں میں انگریزی زبان کا متعلم تھا تو آپ ایک CCELL کے لیے کھڑے ہو سکتے ہیں۔ والدین ممبران کا انتخاب انگریزی زبان کے متعلمین کے والدین کے ذریعے کیا جاتا ہے۔

شہرپیما تعلیمی کونسل برائے خاص تعلیم (CCSE)

- **9 منتخب کردہ والدین**
- **2 تقرر کردہ**

اگر آپکے بچے کے پاس ایک انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) ہے اور وہ نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم کے ذریعے ادا کردہ خاص تعلیم خدمات موصول کرتا ہے، آپ CCSE کے لیے انتخاب لڑ سکتے ہیں۔ والدین ممبران کا انتخاب پبلک اسکول کے IEPs کے حامل بچوں کے والدین کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔

شہرپیما کونسل برائے ضلع 75 (CCD75)

- **9 منتخب کردہ والدین**
- **2 تقرر کردہ**

اگر آپ کا بچہ ایک ضلع 75 اسکول یا پروگرام میں مندرج ہے تو آپ CCD75 کے لیے انتخاب لڑ سکتے ہیں۔ والدین ممبران کا انتخاب ضلع 75 کے طلبا کے والدین کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔

2023 انتخابات اہم تواریخ

9 جنوری - 13 فروری | درخواست کا دورانیہ
تعلیمی کونسل کی ایک نشست کے لیے درخواست دیں۔

27 فروری تا 20 اپریل | امیدواروں کے فورمز
فورمز امیدواروں کے لیے ووٹرز کو یہ بتانے کا موقع ہیں کہ انہیں ایک تعلیمی کونسل میں خدمات انجام دینے کے لیے کیوں منتخب کیا جانا چاہیئے۔

21 اپریل - 9 مئی | والدین آن لائن ووٹ دیں گے
والدین تعلیمی کونسلوں کے تمام 357 ممبران کے لیے ووٹ دیں گے۔

جون 2023 | نتائج کا اعلان

1 جولائی، 2023-2025 | تعلیمی کونسل ممبر معیاد

ایک این وائی سی اسکولز اکاؤنٹ کے لیے سائن اپ کریں

ایک تعلیمی کونسل میں ایک نشست پر انتخاب لڑنے کے لیے، آپکو پہلے ایک نیو یارک شہر اسکولز اکاؤنٹ کے لیے سائن اپ کرنا ضروری ہے۔ آج ہی **schoolsaccount.nyc** پر سائن اپ کریں۔

مزید جانیں

مزید معلومات کے لیے **schools.nyc.gov/Elections2023** پر جائیں۔

T-34874 (Urdu)

NYC Department of Education | NYC Education Councils